بینک دولت پاکستان

آئی آئی چندریگر روڈ، کراچی

ایف ڈی سرکلر لیٹر نمبر 2019/ 02 — 8 اپریل 2019ء

صدور / چیف ایگزیکٹو آفیسرز،

تمام بینک

محترم / محترمہ،

**برانچ کاؤنٹر (OTC) کے ذریعے موبائل لیوی کی ادائیگی**

براہِ کرم شعبہ مالیات کے سرکلر لیٹر نمبر 05 بتاریخ 17 جولائی 2018ء، سرکلر لیٹر نمبر 09 بتاریخ 17 اکتوبر 2018ء اور سرکلر نمبر 01 بتاریخ 22 مارچ 2019ء سے رجوع کیجیے جن میں دیگر امور کے علاوہ بینکوں سے تقاضہ کیا گیا ہے کہ وہ ٹیکسوں اور ڈیوٹیوں کی وصولی کے لیے اپنے برانچ کاؤنٹرز (Over-the-Counter) کو فعال کریں اور اپنی برانچوں کو ہدایت کریں کہ مذکورہ ہدایات کی مکمل تعمیل کریں۔

2۔ تاہم مذکورہ واضح ہدایات کے باوجود ایسی موصولہ شکایات کی تعداد بڑھ رہی ہے کہ بینکوں کے برانچ کاؤنٹرز کے ذریعے ٹیکس خاص طور پر موبائل لیوی وصول نہیں کی جارہی۔ ایف بی آر، پی ٹی اے اور عام لوگوں کی طرف سے متعدد شکایات ملی ہیں کہ کمرشل بینک کسٹمز ڈیوٹی اور دیگر ٹیکسوں بشمول موبائل لیوی کی PSIDs جو کہ WeBoc سسٹم سے نکلی ہیں، کی ادائیگی برانچ کاؤنٹرز سے نہیں کررہے۔ شکایات کی بڑھتی ہوئی بھاری تعداد سے ظاہر ہوتا ہے کہ برانچیں ان ہدایات سے اب تک پوری طرح آگاہ نہیں ہیں کہ انہیں 'ون لنک' (1-Link) کی مربوط / فعال برانچ کاؤنٹرز سہولت کے ذریعے ٹیکس اور ڈیوٹیاں جمع کرنی ہیں۔

3۔ اس معاملے کو سنجیدگی سے دیکھا گیا ہے، چنانچہ یہ فیصلہ کیا گیا ہے کہ اسٹیٹ بینک آف پاکستان ملک بھر میں بینک برانچوں کا اچانک معائنہ کرے گا تاکہ یہ جائزہ لیا جاسکے کہ اطلاعات کی ترسیل کس حد تک ہوئی ہے، برانچوں میں آگاہی کتنی ہے اور اسٹیٹ بینک کی طرف سے وقتاً فوقتاً جاری کی جانے والی ہدایات پر کتنا عمل درآمد ہورہا ہے۔ اگر اچانک معائنوں کے دوران برانچوں کو مذکورہ ہدایات کی خلاف ورزی کرتے ہوئے پایا گیا یعنی ٹیکس اور ڈیوٹیوں کی ادائیگی کے لیے پی ایس آئی ڈیز کے ساتھ برانچ آنے والے صارفین سے برانچیں ٹیکس اور ڈیوٹیاں وصول نہ کررہی ہوں تو جرمانہ عائد کیے جانے کے ساتھ ساتھ سخت تادیبی کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔

4۔ مذکورہ بالا کے پیشِ نظر برانچوں / علاقائی دفاتر کو لازماً یہ ہدایت دوبارہ کی جانی چاہیے کہ ہدایات پر مکمل عمل درآمد یقینی بنائیں اور ٹیکس اور ڈیوٹیوں کی ادائیگی میں ٹیکس دہندگان کو سہولت فراہم کریں۔

5۔ براہِ کرم وصولی سے مطلع فرمایئے۔

آپ کا مخلص

(سلیم اللہ)

ایگزیکٹو ڈائریکٹر (ایف آر ایم)